ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (658)

09.12.23

**بہاولپور(                )وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس نے ماہ نومبر 2023 میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا، 218 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 218 منشیات فروش گرفتار کیئے۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد ہوئی۔منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ بہاول پور پولیس نے گزشتہ ماہ سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاریاں عمل میں لاتے ہوئے 218 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 218 ملزمان کو بند حوالات کیا گیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 84 کلو 480 گرام چرس، 01 کلو 306 گرام ہیروئن، 302 گرام کرسٹل آئس، 02 کلو 920 گرام افیون، 01 من سے زائد بھنگ، 6453 لیٹر شراب اور 23 چالو بھٹیاں برآمد کیں۔اس حوالے سے ڈی پی او سید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس کی زیر کمانڈ بہاولپور پولیس نے ماہ نومبر 2023 میں منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد ملزمان گرفتار کیئے، جن سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد ہوئی